سید چراغ علی شاہ ملنگ سلسلہ مداریہ کے عظیم المرتبت بزرگ تھے

یہ عالی وقار بزرگ تیرھویں صدی ہجری کے ہیں آپ سلسلہ عاشقان مدار کے قابل ذکر فقراء میں سرفہرست ہیں سلسلہ ارادت حضرت بابا سید عبدالغفور عرف بابا کپور گوالیری سے ہوتا ہوا سیدنا قاضی مطہر قلہ شیر ماوراء النہری سے جا ملتا ہے آپ صاحب کشف کرامات تھے آپ کی خدمات دینیہ کا دائرہ کافی وسیع وعریض ہے آپ کی کاوشوں سے سلسلہ عاشقان مدار کو خوب وسعت حاصل ہوئی آپ کی خانقاہ کے تربیت یافتگان اکناف ہند میں فیض محمدی لٹا رہے ہیں آپ حضور سیدنا شیخ جمال عاشقان مدار کے مرید وخلیفہ تھے مرشد گرامی نے تمام کمالات سے مزین فرما کر مسند ارشاد پر بٹھا دیا تھا آپ کا آستانہ عالیہ پنہار ضلع گوالیر ایم پی میں مرجع خلائق ہے اہل حاجت حاضر آستانہ ہو کر فیوض وبرکات حاصل کرتے ہیں آپ کی ایک مشہور کرامت جو زبان زد خلائق ہے وہ تحریر ہے۔